FAIRFAX COUNTY PUBLIC SCHOOLS

# مرصی کے مطابق ڈیوائس کا معاہدہ

## ذہن میں رکھنے والی چیزیں.....

جب آپکا بچہ اس اہم سنگ میل پر پہنچتا ہے جہاں انہیں اپنی ذاتی یا سکول کی طرف سے جاری کردہ کمپیو ٹنگ ڈیوائس ملتی ہے، تو ایک اہم قدم آپکے بچے سے اسکے گھر میں استعمال کرنے کی توقعات کے بارے میں بات چیت کرنا ہے۔ مندرجہ ذیل تجویز کردہ ہدایات کے استغمال کی مدد سے اس بات کو یقینی بنایئے کہ اپ اور آپ کا بچہ ایک ہی بات پر متفق ہیں۔ پھر آپ جن توقعات پر اتفاق کرتے ہیں اسکے تعین کے لیئے مرضی کے مطابق بنائے گئے فارم کو استعمال کریں۔

**نجی معلومات کی حفاظتی پالیسیز اور نجی معلومات کی حفاظتی سیٹنگز کا ایک ساتھ جائزہ لیں۔** اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپکا بچہ اس بات کو سمجھتا ہے کہ کونسی نجی اور ذاتی معلومات کمپمیز اکھٹی یا اکھٹی نہیں کررہیں۔ فیصلہ کریں کہ آپ سب، اپنی انٹر نیٹ پر ڈالی ہوی چیزوں اور اشتراک کے بارے میں کس حد تک عوامی اور نجی لوگوں کے ساتھ پراطمنان ہیں۔

## دیکھ بھال اور بحالی

**اپنے بچے کے ساتھ ڈیوائس کی دیکھ بھال کے بارے میں بات چیت کریں۔** یہ ایک قیمتی ڈیواغس ہے، اسکا استعمال مناسب طریقے سے کریں۔ یہ ڈیوائس صرف آپکے بچے کے استعمال کے لیئے ہے، دوستوں اور دوسرے طالب علموں کے لیئے نہیں۔ اس ڈیواغس کو کبھی بھی سکول یا دیگر عوامی مقامات پر نامنسلک مت چھوڑیئے ۔ اس ڈیواغس کو پانی کے قریب، گھریلو کیمیکلز، کھانے یا پینے کی چیزوں کے پاس استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ جب اسے باہر لے کر جائیں تو یہ محفوظ ہونی چاہیئے۔ ڈیواغس ہر روز سکول لانے سے پہلے مکمل طور پر چارج ہونی چاہیئے۔

**ذمہ داری کے عوامل کا خاکہ بنایئے :**

مرمت : ڈیواغس کو مرمت کروانے کے لیئے ریٹیل اسٹور پر مت ی جایئے۔ ڈیوائس کو FCPS کی وارنٹی حاصل ہے۔ یقین دہانی کیجیئے کہ آپکا بچہ اپنی ڈیوائس کو سکول میں کسی ایک سپورٹ ٹیم کے ممبر کے پاس لے جائے۔ ڈیوائس کو مرمت کیا جائے گا یا آپکے بچے کو جلد اذ جلد ایک متبادل ڈیوائس دے دی جائے گی۔

کھونا / چوری اگر آپکے بچے کی ڈیوائس چوری ہو جاتی ہے تو آپکو فوری طور پر پولیس کو رپورٹ کرنی چاہیئے۔ ڈیوائس کے کھونے یا چوری ہونے کے بارے میں اگلے سکول کے دن کے دوران آپکے بچے کے سکول میں ایک ٹیکنالوجی سپورٹ ٹیم کے ممبر کو اطلاع فراہم کرنی چاہیئے۔ آپکے بچے کو جلد اذ جلد ایک متبادل ڈیوائس دے دی جائے گی۔

## آن لائن بات چیت کی ذمہ داری

**اپنے بچے سے آن لائن بات چیت کے بارے میں بات کریں۔** آن لائن دوسروں کی عزت کرنے اور دوسروں سے عزت کروانے کا کیا مطلب ہے ؟ وہ کیسا لگتا ہے ؟ اسکو، انٹرنیٹ کے ذریعے غنڈہ گردی، پوشیدگی، حفاظت، انکی آن لائن ڈالی ہوئ چیزیں ،انکی ساکھ، ،سیلف امج اور مستقبل کی نوکریوں کے مواقع، کالج اور تعلقات پرکیسے اثر انداز ہو سکتی ہیں، کے بارے میں گفتکو کے ایک موقع کے طور پر استعمال کریں۔

**اپنے بچے کو FCPS Acceptable Use Policy کو سمجھنے میں اسکی مدد کریں۔** مناسب استعمال کے لیئے سکول کی رہنمائ کیا ہے ؟ آپ ملتی جلتی توقعات گھر پر کیسے نافظ کریں کے ؟

## کہاں، کب، اور کتنا لمبا ؟

**فیصلہ کریں کہ آپ اپنے بچے کو یہ ڈیوائس کہاں استعمال کرنے دینے پر پراطمنان ہیں۔** کیا وہ اسکا استعمال صرف گھر میں، جیسے فیملی روم یا باورچی خانے میں کر سکتے ہیں ؟ کیا وہ اسکو اپنے کمرے یا غسل خانے میں لے جا سکتے ہیں ؟ کیا وہ اسکو کھانے کی میز پر ااستعمال کرسکتے ہیں ؟

**ٹیکنالوجی۔ ذرائع ابلاغ، دیگر سرگرمیوں کے ساتھ " متوازن " وقت گزارنے کے مطلب کے بارے میں بات چیت کریں۔** وہ کونسے چند قدم ہیں جو آپکا خاندان سکرین ٹائم کو آمنے سامنے کے ٹائم سے متوازن کرنے کے لیئے لے سکتا ہے ؟ کیا اپ اپنی کھانے کی میز کو ڈیوائس سے آزاد حصہ بنانا چاہتے ہیں جس میں خاندان کا کوی بھی فرد (یہاں تک کے بالغ بھی ) سیل فون، ٹیبلٹ، یا کمپیوٹر استعمال نہیں کرسکتا۔ کیا آپ اس بات کے لیئے کرفیو لگانا چاہتے ہیں کہ ڈیوائس کب بند ہو جانی چاہیئے ؟

## نظر رکھنا

**وضاحت کریں کہ والدین یا سربراہ کی حیثیت سی انکی رہنائ کرنا آپ کے کام کا حصہ ہے۔** اپنے بچوں کے ساتھ انکی ڈیوائس کے بارے میں کھلی اور ایماندرانہ گفتگو کو برقرار رکھنے کے طریقوں کی نشاندہی کریں۔

**بات چیت کریں کہ آپ ڈیوائس کی کیسے نگرانی کریں گے۔** کیا آپ اپنے بچے کی سرگرمیوں پر نظر رکھنا چاہتے ہیں ؟ اگر ایسا ہے، تو کیسے ؟ کیا آپ اپنے بچے سے پوچھیں گے کہ وہ آپکو اسکے ای میل، ٹیکسٹ، اور آی ایم ایس کی رسائ دے ؟ کیا اپ اسکی سرچ ہسٹری (جو مٹائ جاسکتی ہے ) کا جائزہ لیں کے ؟

**اپنے بچے سے، وہ جس قسم کے ذرائغ وہ استعمال کریں گے اور اسکول اکاؤنٹ کے بارے میں بات چیت کریں۔** ان سے پوچھیں کہ جو ذرائع وہ سکول میں استعمال کرتے ہیں وہ آپکو دکھائیں۔ وہ کیسے کام کرتے ہیں ؟ ان کے بارے میں اچھا کیا ہے ؟ یہ ذرائع انکی سیکھنے میں کیسے مدد کرتے ہیں ؟

## نجی معلومات کی حفاظتی سیٹنگز

**ایک ساتھ ایک مظبوط پاس ورڈ بنانے کی پریکٹس کریں۔** کم از کم آٹھ حروف ( ملے جلے حروف، نمبرز، اور علامتیں ) استعمال کریں اور کوئی بھی ذاتی معلومات جیسے نام، پتہ، تاریخ پیدائش وغیرو شامل کرنے سے گریز کریں۔ اپنے بچے سے اسکا یوزرنیم اور پاس ورڈ لکھوانا نا بھولیں اور یہ معلومات کسی محفوظ جگہ پر رکھیں۔

دوسروں کے ساتھ پاس ورڈ کا اشتراک نا کرنے کی اہمیت کے بارے میں بات چیت کریں اور فیصلہ کریں کہ چاہے والدین کو اس اصول سے مستثنی ہونا چاہیئے۔ ایک رائے یہ ہے کہ بچوں کو انکا پاس ورڈ خود بنانے دیں لیکن پھر ہنگامی حالات کے لیئے اسکو ایک بند لفافے میں والدین کی پہنچ میں رکھیں۔



www.commonsense.org Adapted from and used with permission of Common Sense,

# ہمارا معاہدہ

یہ معاہدہ، میرے گھر پر اس ڈوائس کے کیسے استعمال کے بارے میں، میرے خاندان کی توقعات کا تعین کرتا ہے۔ ہم مندرجہ ذیل پر اتفاق کرتے ہیں :

**کہاں، کب۔ اور کتنا لمبا**

ہم نے گھر پر اس ڈیواغس کے مناسب اور محترم طریقے سے استعمال کرنے کے مطلب کے بارے میں بات چیت کی ہے۔ ہم اس سے اتفاق کرتے ہیں :

**نظر رکھنا**

ہم نے اس بارے میں بات چیت کی ہے، کہ ہم کیسے ایک خاندان کے طور پر، اس ڈیوائس کا کیسے اور کس لیئے استعمال کے بارے میں شامل رہیں گے۔ ہم اس سے اتفاق کرتے ہیں :

**نجی معلومات کی حفاظتی سیٹنگز**

ہم نے، میرے پاس گھر پر کس قسم کے اکاؤنٹس ہوں گے، اور میں کیسے اپنی ذاتی معلومات کی بہترین حفاظت کرسکتا ہوں، کے بارے میں بات چیت کی ہے۔ ہم اس سے اتفاق کرتے ہیں :

**دیکھ بھال اور بحالی**

ہم نے میری ڈیوائس کی دیکھ بھال، اور اسکے ٹوٹ جانے، جوری ہو جانے، یا کھو جانے کی صورت میں کیا ہوسکتا ہے کے مطلب کے بارے میں بات چیت کی ہے۔ ہم اس سے اتفاق کرتے ہیں :

**آن لائن بات چیت کی ذمہ داری**

میں اپنی ڈیوائس استمال کرتے ہوئے جن محتلف طریقوں سے دوسرے لوگوں کے ساتھ بات کروں گا، اور ایک محفوظ، ذمہ دار، اور با ادب گفتکو کیسی لگتی ہے، کے بارے میں بات چیت کی ہے۔ ہم اس سے اتفاق کرتے ہیں :

x______________________________ x______________________________

میری طرف سے دستخط　　　　　میرے والدین کی طرف سے دستحط

www.commonsense.org Adapted from and used with permission of Common Sense,